گھر بنایا بادشاہ کوئی زرنگار — مال و زر کر خرچ لئی سابے شمار
جب ہوا حاصل عمارت سو فراغ — کر دکھایا فرش سون تیں شکل باغ
لوگ ملکے ملک کے آنے لگے — راحت اسکو دیکھ کر پانے لگے
بعد ازان یک روز شاہ کا مگار — جشن فرمایا مجالس کو سنوار
سب وزیران اور ندیمان کو بلا — پس حکیمان اور امیران کون بلا
خرمی سون دل کے یون کینا سوال — یو محل کیا ہی سو بولو سب احوال

پچھیان ہی ہور پچھیان نانا
سچھیان پچھین گیان تین سمانا
ایک گیان بھون گیان اڑیچ چھپا
ایک گیان سون گیان پچھین پیا

حُسن وخوبی دیکھ کر چپ نا رہو | کچھ تو بھی یا کی اچھیکی سو کہو
بعد ازان سب ملکے بولے یکزبان | اس جہا مینٔ تو نہین ایسا مکان
اس لطافت کا محل کین بر زمین | کوئی نہ دیکھا ہی نہ دیکھیکا کہین
ایک زاہد نے سکو وین بولیا جواب | مین کہون گر شہ نکو لائے عتاب
اس محل کو گر نہوتا ایک کھوٹ | سچ اتھا فردوس ہور جنت کی جوت
شاہ نے بولیا کہ او کیا ہی سو بول | چپ نکو بیہودہ کیا ہی اپسو بول
پس دیا زاہد نے اس شہ کو جواب | اسکو عزرائیل یا دیکا خراب
ہوسکے تو دور کر یو کھوٹ سخت | نین تو کیا ہی یو محل یو تاج و تخت
گرچہ خرم ہی مکان سو جیون بہشت | موت آخر کو کرینگی تجکو زشت
یو خلل نچھتا تو خوش تھا یو محل | کیا کریگا تو جو باقی ہی خلل
اس محل پر کچھ بزرگی کر نکو | کسریٰ کا تاج سر پر دھر نکو
دیکھ کر شاہی تری اور تخت یو | کہہ سکے نا عیب تو کوئی نا کہو
دیکھ کر دولت کو تیری یو رچا | نا کہے گو عیب تو ہی واے وائے

حکایت ہمد رن معنے کو یہ

کوئی بازاری کیا گھر زرنگار | جب ہوا گھر حسن و خوبی سنوار
قصد دل پر میزبانی کا دیا | شہر کے لوگان کو جا دعوت کیا
دوڑ تا پھرنے لگا جب گھر بہ گھر | خلق عالم کو بلانے ہر کدھر

زر گرچہ گل پری ہی لالہ
یا بلبل جو یہ سی کون ہی بالا
فاسخ بو کیا قطبان سون
تم نشہ کی اپنے زبان سون

ایک دیوانہ دیکھ کر بولا اسے — بات کہتا ہوں اگر توں مانے
دل میں میرے لی اتھا ای خام رگ — جو ترے گھر جلکے یکدم اوں ہک
نیت ہی لیکن مجھکو فرصت شغل سوں — دکھ مجھے معذور جا ای مرد توں
دیکھلے مکھری کو ای صاحب کمال — کس طمع کا دل میں کرتی ہی خیال

حکایت عنکبوت

ساند میں لوگاں کے جالا باندھ کر — دام کرتی ہی مکھیاں کا سر بسر
کوی مکھی سنہری تو اسکا پی رگت — کرکے رکھتی ہی ذخیرہ بے ہمت
وہ مکھی جالے منے جب سوکھ جائے — پس ہلوں کی دن لگوں جب اسکو کھائے
ناگہاں گھر کا دھنی استھار آ — توڑ کر سٹتا ہی سب یکبار کا
یوں ہچ تیرے دل منے دنیا ہی یو — یو تیرا گھر اور ذخیرہ مو بمو
جان کا جس روز مالک آئیگا — ایک پل میں سب فنا ہو جائیگا
یو تری دنیا و دولت اور سبھی — توں نہیں تو بول مجھکوں کاں رہی
قید اپس کا جان یو گھر اور سرا — قید میں ہرگز اپس کوں مت سترا
کیا یو دنیا ہی جہان پر غرور — چھوڑ جاویگا اسے ایک دن ضرور
کھول ٹک انکھیاں تجھا اس راہ کوں — چل شتابی ڈھونڈھ لے درگاہ کوں
جب تو اس درگاہ لگ چل جائیگا — جگ میں عزت سوں کبھی نا پائیگا

حکایت شخصی کہ فرزندش وفات یافتہ بود

مر گیا تھا طفل کس کا از قضا
باپ سدھ بدھ کھو کر دیوانیکی دنا

بیٹھ کرتا بوت کن ہو بیقرار
بولتا جاتا تھا یون زار زار

ای بچے میرے جہان نا دیکھ کر
کیون کیا تھوڑیچ دن آخر گھر

ایک بیدل نے کہا سن ای فلان
تو سمجھ سو بات ان دیکھا جہان

عاقبت مرنا اسے ہی یا نہین
جان لے اس بات کو دلمین یقین

سو برس گر وہ جہا مین پا رہتا
تو بھی یو لیگا کہ مین دیکھا نہ کچھ

عمر تو ایک پل سنے جاتی ہی آج
کب کریگا درد کا اپنے علاج

جب تلک چھوٹا نہین نفس خبیس
گند مین ڈوبا ہی تو عاشق نفیس

سوال سائل ہم

یس کہا اگر نوان ہنیچھی سخن
جو ہی مجھکو ایک دلبر سو کٹھن

عشق مین اسکے ہی یو جیو بیقرار
ہاتھ سو جاتا رہا ہی اختیار

منجھ خیال اسکا ہوا ہی راہ زن
اگ مین جلتا ہی سارا تن بدل

ایکدم اس بن مجھے آرام نین
صبر سے ایک ذرہ مجھکو کام نین

دل نہین سو ہاتھ مین مین کیا کرون
کس وضع سو پاؤن مارگ مین دھرون

کس وضع اس ماہ رخ کے رخ بغیر
رخ کرون کس رخ کدھر کو جاؤن پھر

درد کو میرے تو درمان دے
عشق مین نا کفر نا ایمان دے

کفر اور ایمان میرا عشق ہی
درد کا درمان میرا عشق ہی

عشق کے غم میں نہیں کوئی ہمنفس — ہم نفس میرا تجھے تو عشق بس
عشق نے ایسکے جلایا ہی مجھے — خاک اور خون میں ملایا ہی مجھے
ہو رہا ہوں صبر اور طاقت سو طاق — سدھ بکل جا دلین بیٹھا ہی فراق
چاک سوزاری زار سینہ آہ آہ — دل ہوا ہی غرق خونمین خاک راہ

جواب دادن ہدہد

پس کہا ہدہد کہ ای صورت پرست — منزل معنی سون مطلق دور دست
عشق صورت نین ہی عشق معرفت — عشق شہوت بازہی حیوان صفت
حسن کو جس روپ سو نقصان اچھے — جیو لگانا اس تی جایز کان اچھے
جب تلک نین اصل حسن بے زوال — کفر ہی اس حسن پر بندھنا خیال
بھول مت اس خلط و خون کے حسن پر — جانتا ہی اسکو تون مثل چندر
وہ تو ہی سب خلط اور خون کا بناؤ — دمبدم کرتا ہی آرزو اور چاؤ
حسن گھٹ جائے وہ خلط و خون کم آئے — زشت اسکے سار کا پاوے نکوئے
پس نکو کر حسن صورت کا خیال — حسن معنی ڈھونڈ ھ ای صاحب جمال
حسن معنی جب تجھے دستا ئیگا — خالق و رازق کو اپنے پا ئیگا
صورتان یو نین سو فانی ہوین سب — کیسکو عزت نا اچھیگی غیر رب
دوستی صورت کی ہی سو اِتال — ہوئیگی ایکس کی جیو کی ایک کال
دوستی معنی جو ہی حسن غیب — عشق میں اسکے نہین کچھ تجھکو عیب

دوستی پر خیر کی رب کے سوائے	سب جسم مجھکو پریشانی مین بھائے

حکایت گریستن دردمند و پند دادن شبلی رحمۃ اللہ

کوی شبلی پاس آیا دردمند	شیخ پوچھے اسکو کیون ہی دردمند
پس کہا وہ ای بزرگ نامدار	تھا میرا محبوب ایک پیارا نگار
مر گیا کل وہ سو اسکے غم مین مین	ہو رہا ہون اس وضع ماتم مین مین
شیخ بولے کرتون ہی یون غم زدا	کیا ہی تو غم استی اگلا تجھ سزا
جا اتا دھوند اس وضع کا یار تون	جو مرے نا او نہووے زار تون
یار ایسا جسکے مرنے سو ہی ڈر	دوستی مین اسکے ہی سو سو خطر
حسن صورت کا اچھے جن مبتلا	نین عجب جو آئی اسپر ہو بلا
او سو یکدن اس جہان سو جائیگا	حیرت و حسرت مین تجھکو بھائیگا
یا تو جاوینگا اسے یہان چھوڑ کر	حیرت و حسرت مین دلکو جوڑ کر

عاشق شدن شاگرد بر کنیزک استاد

ایک جوان نوخیز تھا چالاک طبع	صاحب ہوش فراست پاک طبع
رات دن تھا علم کی تحصیل مین	کوئی گھڑی جاتی نتھی تعطیل مین
سب دنیا کا چھوڑ دیکر کاروبار	بحث او تکرار مین تھا استوار
مہربان اسپر اتھا استاد بھی	نین کیا یکدن غصہ اسپر کبھی
جان تلک شاگرد تھے جسکے تمام	سب سو اگلا پیار اچھے اسپر مدام

از قضا استاد کے مندھر ہتی — خوب صورت ایک باندی تھی کہ
دلربا دلدار دلبر جو نکہ حور — جسکو پاکاں دیکھ ہووین ناصبور
ناز کی پتلی سراپا دلبری — رشک کھاوے دیکھ کر جسکو پری
فتنہ غمزہ نین ٹک رہزن ادا — عاشقاں کی جان و دل تسپر فدا
حسن دریا مکھ کنول تل سو بھنور — زلف تس دریا سو نکلا ہے عنبر
شکرین لب شہد سے امرت بچن — نین جیون بادام مکھ پستے دہن
دیکھ کر اس دھن کو یہہ شاگرد کین — مبتلا ہو کر گیا یک پل مین دین
دل ایس کا مدرسے سے توڑ کر — علم دانش کا دیا سب چھوڑ کر
عشق کا ابجد لگیا کرنے کو یاد — حسن کو دلبر کے سمجھا اوستاد
درس علم و فضل کا دل سوں بسار — دل لکھیا لینے کو درس روے یار
ہو گیا یکبارگی رنگ زرد و زار — زعفران نمنے ہوا رنگ عذار
عاقبت ہو کر پڑیا بیمار عشق — غم غصہ کرنے لگیا تیمار عشق
ناگہاں واقف ہوا استاد کین — پس بلا باندیکو اپنے تھار وین
طفل کو چھتر ایا اسکے دونوں مانہہ سون — کاڑ دالیا حال دیگر خلط و خون
تاکہ ہوئے اذ زرد و زار و ناتوان — رنگ گلناری ہوا جیون زعفران
ہیکطرف سو گئی سنگل خوبی نکل — سوک گئے جل بن سجل کنول کے کنول
موں لتک آیا گئے گالاں جھٹک — جا لگیاں دو گانمین انکھیاں پلک

حسن مین سکے نہ کچھ باقی رہا | ما شراب شوق نا ساقی رہا
او جو تھا اخلاط اور خون گندہ بو | سب رکھا تھا جمع کر استاد یو
بعد ازان شاگرد کو بھیجا بلا | پس دکھایا اسکو او باندی کو لا
ہو رہا شاگرد اسکو دیکھ دنگ | بھی نظر کر نیکون لایا دلین ننگ
پس کیا شرمندگی سو سر تلار | ہو گیا بیزار اس تی ایک بار
بھونی سا اس پہ پیکا دیکھ حال | دل منے اپنے نیت پکڑیا گھتال
عشق کی تھنڈ ناپ گئی دل سو نکل | ہوئی شفا سو رنج و بیماری بدل
بعد ازان استاد نے اس طشت کون | لا رکھا آنگے جو تھا پر خلط خون
پس پچھے شاگرد سون کیا سوال | اے جوان اب راستی سو بول حال
کان گئی او رنج و بیماری تری | کان گئی او خواری و زاری تری
عشق کی او سوزش و گرمی کہان | شوخی و رندی و بے شرمی کہان
رات دن باندی کی جو تھی آرزو | دیکھتا کیون نین کھری ہے روبرو
عشق سون جس کے کیا تھا رنگ زرد | کیا ہوا کیون ہو گیا او عشق سرد
آرزو کرتا اتھا جسکی مدام | او سو ہی اس طشت مین بھر کر تمام
یو نجاست اس تی جب باہر پڑی | سبو تی ہو سا تجھے تیرے کھڑی
تو نتھا عاشق مگر اس نار کا | بلکہ عاشق تھا تو اس مردار کا
بات یو سنکر جوان توبہ کیا | بار دیگر مدرسے کی راہ لیا

جی سو بچی سیگیان آگی تھمن
سو سو جھارہ دن ہے جنک
دو دو دن مین ایک دیج و رے
ریب گریبان سکون چھوڑ کر چھپاے

وہ دن مین نور ایک کو کہان ہے
پھر گیان سون اگرچہ دو جہان
ای گی تی زوال گیان تی پاک
اس پندتی او پران تی پاک

[illegible]

احسن [illegible]
عقلمندو اسا نا زکر ما
ہی راز کون جھو تو باز کر ما

اور نین بھی ہی اور نہ عمر بھی ہی ثانی [illegible]
بولو عمر جو جیوتی [illegible]
یک اولی سوال [illegible]
ثانی [illegible]

جسکی ہی صورت پرستی کا خیال	اب بھی صفت سون ہوویگا اسکا وصال
اصل صورت نفس شیطانی سمجھ	اصل معنی وصف روحانی سمجھ
ترک صورت گر کیا عاشق صفت	دیکھ پیدا ز آفتاب معرفت
نفس صورت خلط و خون سیتی بنی	ہر صورت مردہ [illegible]
خلط اور خون سو اچھے صورت کو زیب	تو سکو کھا خلط اور خون [illegible]

حکایت تاجر و فروختن او کنیزک خود را با پشیمان شدن

ایک سوداگر تھا با ملک و مال	اسکو باندی ایک تھی صاحب جمال
ناگہان بیچا اسے یک کس کے ہات	پھر کے پچھتانے لگیا کئی دن رات
دہ نسک دلدار بن اسپاس جا	بھی منگیا باندی کو کچھ لالچ بتا
نیں دیا او پھر کو اس باندیکو جب	ہو رہا لی سا پریشان حال تب
ہر گھڑی مارک پوچھا کر غمزدہ	خاک بھالینا اچھے سر پر اچھا
نت کہے جیو سون ایسکے زار زار	ای سزا تیری ہی ای جیو نابکار
جو حماقت سون ایس دلدار کو	بیچ ڈالا جب کتیک دینار کو
ایں بھرے بازار میں ای نا سمجھ	کرنکو اپنا زیان آپیں سمجھ
عمر کا تیرے ہی یکدم ایک گھر	زر نکو لے ایس گھر کو بیچ کر
جو صبا محشر منے پچھتائے گا	یکذرہ زر تجھکو نا کام آئیگا
سر سون یک لگ حق دیا ہی نعمتان	شکر کر اس نعمتان پر ای فلان

ایسے جین [illegible] سیاہ [illegible] پیران
اسے جین [illegible] پیران
جو جیوتی [illegible]
جب چال چلے ایس نو [illegible]
تا چال کون جیوتی سمجھی [illegible]
کر نار نوکان سون بیزار [illegible]
کھاتا ہون نو [illegible]
ایس جنت سکے [illegible]

جیوتی سمجھو [illegible] کبھی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] کھتا ہون

یا الٰہی مجھے با عزت و ناز — وو سو جب رکھیا ہے بھی کسی نیاز

حکایت بادشاہ و سگ شکار

تھا یکی سگ بادشہ کا شکار — پس کہیا لاؤ کتے کو بھی سنوار
او تھا سو بادشاہ کے پیار کا — تھا مگر محبوب خوبان سار کا
زین پچھے نیچے زینت کا گھنا — جھون زر ڈوری مرصع کا بنا
مرد سگبان جب یو فرمان پائیا — زر کی ڈوری سو کتا بندلیا
پس کتے کون ڈوریا لے کر تیار — ڈور سون زر کے انگے لایا سنوار
شاہ لے او ڈوری کر اپنے ہات — لے کتے کون لے چلیا اپنے سنگات
ناگہاں کیں راہ میں ہڈ دیکھکر — یک نفس تک سا کتا اٹکیا مگر
شاہ پیچھے پھر کے دیکھا اسکو جو — طیش کھا دل میں لگیا کہنے کو یون
مجھ سر مجھے بادشاہ کو چھوڑ کر — اس کتے نے ہاڑ سو بندیا نظر
کاٹ کر ڈوری دیا اسکو نکال — پس چمن ہو کر چلیا دل میں خوشحال
جو تولی ڈوری گلے کی آپ سو — مفت چھوٹا میں سدا کے پاپ سو
پس کہیا دو ڈوریا ای تاجدار — اس کتے پر سا وہی گوہر نگار
گرچہ جنگل ہے اسے بہتر سرا — یو زر و گوہر اچھے مجھکو روا
شاہ بولیا یو کچھ جانے دیو اسے — تا عزت کی قدر خواریمیں دسے
زیب و زینت جب اِسر کی پائیگا — یاد کر مجھکو بہت پچھتائیگا

بن اُسکا تو کان اچ نہ نوم دار
ہر ایک کی نیم توفیق نہ نوم دار
اور الاکتا ہی اور ایک دانا
اپنی ذات کو بھوت نا بوانا

اوکتا کیا ہی سو نفس اپنا سمجھ | جو رہا ہی ہد پو دنیا کے اولج
فضل و رحمت حق تعالیٰ کا بسار | ہی پریشان اس جنگل مین خوار
ہی تجھے اول سون حق کی آشنائی | بھول لیا ہی یون تو غفلت سو جلا
رکھ قدم عشقِ حقیقی مین مدام | نوش کر مردان ہمن سختی کا جام
دم بکرده گرچہ سولی پر چڑائین | ڈر نکو کر جیو کے کامل ہو کر آئین
جان اس سولی کو یک خس کے مثال | اژدہا کو ایک چمٹی کر خیال
عاشقان تو رہ مین اس بیچون کے | نت اچھین پیاسے الیس کے خون کے

حکایت منصور

جب چڑھے دار پر منصور کو | جز انا الحق نئین کہے کچھ جیب سو
عالمان یو سنکے انکی سخت بات | کاٹ ڈالے دھڑ سو چار دیا دن رات
طوق نکل جاکر پڑیا جب زرد مون | ہاتھ تھو تبان سو لگے مونہو خون
ہاکہے تا کوی مرد عجب جو سے | خوف سو پیلا ہوا ہے رنگ روئے
کیا تجھے ڈر ہی کہو کس بات کا | جو میرا سو دا ہی سر کے سات کا
یو جہا تو سو ٹی کے ہاکے سو تنگ | جیو چھپانا شیر مردان کو ہی ننگ
راہ مین حق کے ہزاران گگھاٹ | دار پر چڑنا سو ادنی بات ہی

حکایت حضرت شیخ جنید کشتہ شدن بود

پیشوائے دین جنید نامور | بولتے تھے وعظ یاران مین مگر

ہر جہتی مین عالم سلیم تقیضا لے
عالم تو پہ ہی عالم الکار جالا
عالم کے الف سون عالم کی لا امر
دھرتا ہی الف بحون لا امر بحون کا امر
تر اس علم عالم کا ہو عالم
اس علم کو ہی علم سو ادم
یو بات بولنا نکو بھی یار
اب تو کی بھلا کو سے جو تکرار

دو کر نصیحت
سپتجود انت و عیین
حکایت کی بحثی بی انت لا تعین
بیتی ہوری بی بچھا تعین
یک تجلا بن

8741.

کر دکھائے تجھ سن یہاں ملک بلند | جو ہوا اس ماچرخ گردوں کا کمند
تا کہاں اس حال میں کوئی بادکتر | شیخ کے بازند کا سر کاٹ کر
دست و پا مجلس میں لا کر خوار [illegible] | لاو پسر سو شیخ کے جینا کا دستار
تھے پہر کا چاند اور ابرو ہلال | پہلک کلا ہے آپ باطن خوش خصال
شیخ اپس دیکھ کر کچھ یا کہے | وعظ کہتے تھے سو نیں کہتے [illegible]
بعد ازاں آخر کوں بولے یو سخن | اے عزیزاں دیکھو اسرار کہن
میں خو تھا سو وعظ بولا جرا | تب اتقا دیکھا کار اسکا تو سرا

سوال سالک دھم

پس لگا کہنے کو دسواں جانور | وقت کلا آتا ہی لی سا مجھکو ڈر
میں سو بے توشہ ہوں اور کی جا دلال | [illegible] تو نکالت ہیں کیں بالضرور
موت سر پر لے کھڑی ہے شیخ [illegible] | چھاتی کی سستی ہی سو معلوم نئیں
ہو وے جسکے سر پہ تو جلاد تیغ | [illegible] اچھے ہی زندگی کا جز دریغ

جواب دادن هدهد

پس کہا ہدہد کہ ای زار ضعیف | چھوڑ دونگا تجھے کب او حریف
[illegible] ہی تن اک تار کا پنجر | عمر تیری ختم ہوویگا یکدن [illegible]
[illegible] خو کوئی اب جاہے سو جانگا | آنگا خو کوئی سو پھر کر جانگا
[illegible] بچانے [illegible] دل | [illegible] پھر آجل آنے کے بدل

تو فلک تو طشت الٹا ہی مگر
آفتاب تیغ زن ہی سر کاٹ سکا
تو اگر آلودہ ہی یا پاک ہی
اصل میں ایک بوند ہی ہر کسی ذات
سب عمر گر عیش کرتا آ جگکا

پس رکھے ہیں قسن شفق کے لہو سوں بھر
طشت ہت بھرتا ہی لہو سوں جات
آخر کیدن فانی سو ہونا خاک ہی
… چلیگا بوند کا دریا سنگات
سوز بہو زاری سو یک دن جائیگا

حکایت ققنوس

… ققنوس ہی یک جانور
جو چونچہ سو اسکی لکھی ہی سب لیک
پس یہ ہر یک چھیک میں آواز …
جب کرے چھیکا سو آواز …
سب … رہیں خاموش …
سب حکیماں علم موسیقی مگر
ایک ہزار سال او جیوتا اچھے
بعد ہزار سال کے جب موت آپسے
بعد ازاں چن چن کو لکڑیاں جمع کر
پس اپس کی چونچہ کے ہر چھید سوں
اسوضع کرتا ہی دل سوں آشکار

ہند کے ہی ملک میں کتیں او مگر
ہی مگر اس چونچہ میں سو ایک چھیک
ہی ہر یک آواز میں کیا از اور
مرغ و ماہی ہوتیں سنکر بیقرار
سد بسر جا کر ترتیں بیہوش کیں
اوستی پنہ اکر دکھاے ہیں اثر
آپے جوڑا ہی نا انڈہ بچے
… اپنے سمجھہ … حال جانے
بیٹھتا ہی اگے اس لکڑیاں اپر
نالہ جاں سوز کے کتی چھید سوں
… جامد سنکر … قرار

کیا پرندے کیا چرندے سربسر / ہور ہیں سب چھوڑ سکلے بے خبر

سوز اُسکے درد و غم کا سب کم / جابیں گھنٹے مرکے تا لگ پلک

ہور ہیں کئی جانور چرند دو گم / کئی الیسکی زندگی سو ہوئیں تنگ

عجب وہ روز آسے ویسے پیش آ / نالۂ خونریز کے نالے بہاسے

عمر کی باقی رہے جب یک نفس / جھاڑتا ہی بال و پر اپنے کے تس

آگ جھڑتی ہی نرو سو نکل / چیت اُٹھتیاں ہیں یہ ان لکڑاں سنگل

پس وہ ققنوس جل کے ہو جاتا ہے خاک / خاک سو پھر یک بچا ہوتا ہی پاک

کیا ہی قدرت حق کی یہاں سو دیکھ توں / ہو وہ بچا ہی بچا اُس خاک سوں

حال سو ققنوس کا تو کر بچار / بعد ازاں کر عمر کا اُسکے شمار

ایکلا کیوں زندگانی وہ کیا / کسو ضع بے جفت وہ بچا دیا

اس دنیا میں زندگی پایا جلک / تن رکھا کس حال میں کستی سلک

عاقبت کو آئی جب اُسکی اجل / مر گیا یکبارگی آتش میں جل

تو بھی لئی دن لگ جیا تو کیا ہوا / زندگی ہر کوں کیا تو کیا ہوا

اکدن مرنا اچھے تجکو ضرور / نا سمجھ موت کوں اپس تی دور

موت گرچہ سخت نا مجوب ہے / ... کوں نرم کرنے خوب ہے

حکایت پیری کہ مر تابوت بد میت

کوئی چلیا تھا باپ کے تابوت سات / بات میں رو رو کو کہتا تھا یو بات

جواب اسکے عمر میں اسے کہیا ... / تیں پوچھا کیا مجھے ...

پس کہا کوئی مرد مسعود ... / کیا تب ... غم ... دیکھیا ...

گر نہ ہووے جی کو آسودگی تو مجھے / اس سیتی کیا ... سو وہ کیا مجھے

اس دنیا کے رنج ہور غم سوں ہلاک / تو نچنت ہوگا دل ترا بھی غم سوں چاک

اس دنیا میں کر مجھے بھی تخت و تاج / ... لا علاج

حکایت پرسیدن شخصی پادشاہی را در نزع

کس خلیفے کے نزیک آئی اجل / پس کنے پوچھیا کہ اے شاہ اول

کیا ہی تیرا حال کہہ اس وقت سوں / جواب دنیا وہ کہ کچھ پوچھو مجکو

عمر گئی بے فائدہ میری تمام / اب لگا ہوں خاک سوں خدا و السلام

ہوگیا سب بادشاہی کا بہار / ... سوں آ لگا ہی گا ...

جکے یک عالم اٹھا فرمان میں / ہوگئے ہیں وہ فنا یک آن میں

تو نچنت مرنے کو ہیں سب آگے ہیں / آہیں سو جینے کے جب ...

پیٹ میں ماتی کے جا کر سوتے ہیں / ہستی و ہستی کوں اپنے کھوتے ہیں

کیا بلا کی راہ ہے مشکل اچھے / گور جس رہ کی اول منزل اچھے

مرگ کی تلخی کی ... گر خبر / جان شیریں ہو دے ...

حکایت آب خوردن عیسیٰ علیہ السلام از خم تلخ

... / ... شیریں ...

بھی گئے خم بھر کو او پانی لیا ۔ اکدن وہ بھی اسی مسیحا نے پیا

دیکھے کیا ہیں تو لگی ہی تلخ تر ۔ حضرت عیسیٰ پو ہوئی حیرت اثر

پس کیے یا رب کر آتا ہی عجب ۔ پھانسو کرو او النسو میٹھا کیا سبب

راز اسکا کر تو میرے پہ عیاں ۔ ہیں تجھے پوشیدہ اسرار نہاں

تب خدا کے حکم سو خم نے کہی ۔ ہیں ہوں ماٹی ایک انسان کی

مجھکو اس چرخ فلک گرداں تلا ۔ کئی وضع گردش دئے ہیں لاک بار

کب کیے کوزہ کبھی خم کب سو مات ۔ کئی جنس کیتے ہیں مجھکو سات بات

موت کی تلخی اجوں جاتی نہیں ۔ بھی کرینگے لاک باری جی کہیں

یو میری تلخی ہے سو نا جائے کب ۔ نیر میٹھا تلخ ہی تسکے سبب

یاد رکھ اے غافل اب تم سو یو بات ۔ بھول مت جا بات اے غفلت سنگات

تم اسکو کر تو خوبی پچھان ۔ راز جاں ڈھونڈے جلک باقی ہے جان

گر پچھانیا نئیں تو جیتے جیو الس ۔ کیا پچھانیگا گیا جب جیو نکس

تا تجھے کچھ ہوشیاری میں خبر ۔ نا مرے پر کچھ رہے نکا اثر

زندگی میں نا سمجھ مرنے میں کم ۔ تو نہایت جان اپنا ہو در کم

لکے ہزاراں سو ہے پردے درمیاں ۔ کیوں پچھانیگا الیسکو تو عیاں

نکتہ

جان جب لبریز کا جانے لگیا ۔ وقت آخر کا نزدیک آنے لگیا

تمھارن اگر کھال اپجت

کارن پوچھال نا اپجت

تب کہا شاگرد نے اُس‌تی سوال ۔ کاں تجھے رکھنا سو مجھکوں بول اتال
کیا کفن دیویں تجھے اور کیوں کھلائیں ۔ کاں رکھیں کس خاک میں تجھ دفنائیں
پس کہا بقراط نے اسکوں دہیں ۔ جب مجھے تو پائیگا رکھ ہر کہیں
میں توں جیوتے جو نہ پایا آپ کوں ۔ مر گئے پر پائیگا کاں مجھکوں توں
اب جو آیا ہے مجھے وقت گذر ۔ جاؤنگا میں کاں سو مجھکوں نئیں خبر

سوالِ سائل یازدھم

کیا رہوں آیا ہیکھڑ و نامراد ۔ پس کہا میں کب ہوا میں بامراد
دیکھتا رہتا ہوں غم سارا جنم ۔ دل خوشی پایا نہیں کب ایکدم
بولنے آتا نہیں غم کا بیان ۔ خون دل ہوتا ہے انکھیاں سوں رواں
گر نہو تا نقد یو غم دل منے ۔ سات تیرے بات لگتا تل منے
کیا کروں جو غم ہے پڑوں اس وضع ۔ کیوں رکھوں چلنے یہ دل میں کس وضع

جواب دادن ھُد ھُد

پس کہا ہُدہُد کہ ای غمگین دُکھی ۔ کون ہے سب عمر دنیا میں سکھی
اس جہاں کی نامرادی اور مراد ۔ جاے یک پل میں گذر کر جیوں کہ باد
نا اُسے ٹھہرا ہے اسکوں نا قرار ۔ عارفاں کوں نئیں ہے اس پر اعتبار
پس گذر کر جائے خوشی تل منے ۔ تو نہ رکھ وسواس کا دل منے
جو گذرتا ہے جہاں تو ہے گذر ۔ دل نکو بند اس‌تی نا ارمان کر

بار ہے جو چیز دنیا میں مدام … آرزو اُس چیز کی رکھنا حرام

حکایت عارفی کہ در عمر خود شربت نخوردہ بود

ایک عارف تھا تر اسا نیک خو … نئیں کیا یک آرزو شربت کی او

اسکو پوچھا کوئی یک مقبول رب … نئیں تجھے شربت کی رغبت کیا سبب

پس کہا کیا پیوں شربت کی گھڑی … موت سر پر جو لیٹے ہی کھڑی

جب اچھے اشیا مو کل سر اُپر … نئیں او شربت زہر سو ہی تلخ تر

کیا ہی شربت جو کا یکمیل سواد … اُسکو کیا کر جاننا جو کا مراد

نامرادی بھی ہنو کو سو اُس ہی … چپ عبث و سواس کی کیا آس ہی

رنج و راحت مار ہے کسپر مدام … جائیں دو نو بھی گذر کر والسلام

گر تجھے گر رنج دیا زاری اچھے … او تجھے عزت ہی ماخواری اچھے

انبیا پر آئی ہی جو کچھ بلا … کیا ہی بس آگے بلاے کربلا

او بلایاں سو نبیاں پر ہے جلا … حق تعالیٰ سو اتھیاں محض عطا

کل بلایاں راہ میں مولا کے سب … جیوں سنے کو آنچ ہی ای بو العجب

تھیاب جو کچھ ہوتا ہی تجھ پر درد و غم … تو سمجھ دیکھے تو ہی عین کرم

خواب میں دیکھے جو کوئی روتا الیس … اُسکی ہی تعبیر خوشحالی و بس

دیکھتا جو تون رہا ہی سب جنم … دمبدم حق کی عنایت اور کرم

سو تجھے کس وقت یاد آتا نہیں … ایک دکھ تجھکو [illegible] جاتا نہیں

پس تو تیری کس وضع کی دوستی ۔۔۔ تو نے اپنے سمجھ ای دوستی

حکایت میوہ دادن بادشاہ بنوکر خود

ایک چاکر کو دیا کوئی بادشاہ ۔۔۔ لطف سوں کچھ پھل کرم کی کر نگاہ

وہ سو اس لذت سوں پھل کھانے لگا ۔۔۔ جو شہنشاہ دیکھ پچتانے لگا

پس کہا شہ اسکوں ای درویش گہر ۔۔۔ دے مجھے بھی یک ذرہ تو توڑ کر

دیچ آن نے توڑ کر اگے رکھیا ۔۔۔ سخت کڑوا او لگا جب شہ چکھا

تب کہیا شہ نے کہ ایسی تلخ چیز ۔۔۔ کس وضع کھاتا اتھا توں ای عزیز

بعد ازاں چاکر ادب لیا کر بجا ۔۔۔ عرض کیتا یوں کہ ای فرماں روا

میں جو تیرے فضل سوں نت دمبدم ۔۔۔ نعمتاں کھاتا رہا ہوں سب جم

آج اگر یک چیز کھایا تلخ تو ۔۔۔ کیا ہوا میٹھا ہے مجھکوں اسکی او

تو جو دیوے مجھکوں اپنے ہاتھ سوں ۔۔۔ سو مجھے میٹھا اچھے نبات سوں

ای بندے گر تجھکوں بھی کچھ ہو رنج ۔۔۔ جان اپنے حق منے تو اسکوں گنج

یہاں توں گم کرنے کوں بھی اثیر دیکھ ۔۔۔ نعل گھوڑے کے لگائے ہیں الٹ

تجھکوں بھی اس میں کچھ معرفت ۔۔۔ جانتے ہیں رنج کوں راحت صفت

پختہ مرداں جیو سوں اپنے دھو کے ہات ۔۔۔ خون دل کھاتے ہیں روٹی کے سنگات

حکایت شیخ ابو سعید مہنہ

شیخ مہنہ کوں کہی کوئی پیرزن ۔۔۔ کچھ سکا مجھ خوشدلی کے دو سخن

جو کروں میں درد اسکا روز و شب	تا مگر یو زنگ دل کا جائے سب
نامرادی بسکہ دیکھی ہوں جنم	کب خوشی تجکو میں رہی ہیں ایکدم
شیخ بولے میں بھی سب اپنی عمر	دل خوشی ڈھونڈتا پھرا ہوں ہر گھر
نیں دسا اُسکا مجھے ذرہ نشان	کس وضع تجھکو کہوں جو ہے کہاں
گر خوشی ڈھونڈتی ہی تو ای پیر زن	یا ستی پرتی ہی یا رہتی ہی سن
خوشدلی تو نیں ہی کیں یکبال بھر	تو دیوانی ہو کے ڈھونڈتی ہی کدھر
نیں ہی جگمیں تجھکو جو درکار ہی	دُکھ دُنیا میں سو بسنا جار ہی

حکایت گزیدن عقرب

کس کسیں کاٹیا بچھو سو زار زار	درد سوں روتا اتھا بے اختیار
کوئی کہا اُسکو کہ میں بولوں علاج	جا تو روتا بیٹھ ساری رات آج

سوال سائل دوازدہم

بارھواں پنچھی کہا ای رہنما	کیوں ہی جو کوئی امر حق لا دیجا
حکم سو کرتا رہے طاعت مدام	نا رکھے کچھ کب قبول درد سو کام
کیا نتیجہ ہو ویگا اُسکا سو بول	اِس گرہ مشکل کو میرے دل سو کھول

جواب دادن ہدہد

پس کہا ہدہد کہ کیا خوش ہی سوال	نیں زیادہ مرد کو اُس تی کمال
امر حق لایا بجا سو جھٹ پڑیا	سخت جھگڑا تھا اسی آسان پڑیا

حکم سو طاعت لگ ہے ساعت ایک | طاعت بے حکم صد سالہ ہو نیک

حکم بن حق کے جو کوئی طاعت کرے | او کو تیکی خاصیت خصلت دھرے

گر کن محنت کیا تو کیا نفا | نیں ہے کچھ حاصل اُسے غیر از جفا

حکم پر حق کے جو کوئی طاعت کیا | اجر اُسکا یکجہاں بھر کر لیا

حق جو فرمایا ہے سو لانا بجا | کچھ تصرف نیں اُسکا یاں روا

حکایت بادشاہی کہ بشہر امرائی حکم داد

کوئی جلپا تھا پادشاہ اپنے نگر | حکم کیتا جو رکھیں رستے سنوار

بس بزاری لوگ ہر یک جا بجا | حکم شہ کا جو اتھا لائے بجا

چوک ہور بازار سب رستے سنوار | زیب و زینت سو کئے رنگ بہار

بندیاں جو تھے بندیخانے منے | سو تھا کچھ نقد جا بن اُن کنے

کوئی کتیا یا سیس ہور کوئی ہاتھ پاؤں | بس رکھے دو کا یہ عضویں تھاؤں تھاؤں

شاہ واں جب شہر کر تا آئیا | یو تماشا کچھ عجب سا پائیا

وینچ گھوڑے سوں اتر سب کو بلا | لطف سوں منہ ہاتھ کے دھلا

سب کو نعمت ہور خلعت سو نواز | خاص کے بندیاں میں کیتا سرفراز

بعد ازاں شہ کو پوچھا کوئی رازدار | کیا سبب اترا تو یہاں ای شہریار

شہر اتنا و کچھ کر آراستہ | چوک ہور بازار ہر یک راستہ

اطلس و زربفت و دیبا سوں سنوار | سب دُکاناں کو کئے ہیں زرنگار

کو ہر وزر لا نشے ہیں جا بجا ۔ مشک و عنبر سو گئے ہیں

کس تماشے پر نکرسے نے نظر ۔ اس بندیخانے پہ کیوں

یہاں تو اتنے بن تماشا کچھ نہیں ۔ جو پڑا ہی سر کدھر اور دھر کہیں

کوئی تو لنگڑا کوئی تو لولا ہی نکام ۔ شاہ کے لائق تو نیں تھا یو مقام

پس کہا شہ بات بھی یک اور ہی ۔ سب مٹے بہرو پیوں کا طور ہی

ہر کسینے زیب و زینت کے سنگات ۔ شان دکھلاتے ہیں اپنا دھات دھات

کام کیتے ہیں بچارے بندیاں ۔ مر گئے ہیں جان اور تن کا زیاں

گر نکرتا حکم میرا یہاں گذر ۔ یک جدا تن سر ہوتا تن سو سر

حکم میرا یاں دیا مجھکو رواں ۔ تا اتر کریں کھڑا ہو اس مکاں

خلق دکھلاے ہیں اپنا عز و ناز ۔ حکمت و فن سو ہوے ہیں حیلہ ساز

یو بچارے تو ہیں سرگردان سب ۔ حکم سو فرمان میں حیران سب

کوئی کئے ہیں پیش اپنا نقد جان ۔ گم کئے ہیں تا تھہ یک کا کوئی نشان

حکم کے ہیں سب غریباں انتظار ۔ تا کہ چل کر جائیں سو لی کے

تو بندیخانہ مجھے گلشن دسیا ۔ لطف میرا انکو بھی گلشن دسیا

بندگی سو حکم پہ چلنا اچھے ۔ حکم سو کیموے نا ٹلنا اچھے

حکایت شیخ قطب العالم کہ شیخ بایزید و ترمذی را بخواب

شیخ عالم قطب عالم نامدار ۔ خواب دیکھیا سو صبح سو اسیار

خواب یہ ہور ترمذی ستورا یا یزید — بات سو جانتے ہیں بے گفت و شنید

پس کیے دو نوں نے مجھکوں پیشوا — میں بھی انکے حکم سو آگے ہوا

بعد ازاں ہشیار ہو کیتے بچار — جو دیے کہوں نو بزرگاں مجھ وقار

نیں دسی تعبیر کچھ اسکی مگر — آہ بیخود ہو گیا تھا یک سحر

سو بدرقہ ہو کے رہ کا آہ وہ — لے کے پہنچایا مجھے درگاہ وہ

جب ہوا درگاہ سو مجھ فتح باب — غیب سو آیا مجھے تب یو خطاب

جو جہاں میں ہیں جتے پیر و مرید — سب منگے ہیں مجھکو لیکن بایزید

نیں منگیا میرے سو کچھ میرے بغیر — مطلب اسکا مجھ سے تھا باقی سو خیر

جب سنا اس رات کو میں یو خطاب — پس کہا نا یونہ وہ مجھکوں صواب

کیا اچھو نگا میں جو کچھ تجھ سو منگوں — رنگ سو خواہش کے اپنا دل رنگوں

کیا منگوں تجھ سو جو مجھ کو درد نیں — گر منگوں تجھ سو تجھے تو مرد نیں

حکم تیرا بس مجھے منگتا ہے نا — خوب ہے فرمان میں تیرے رہنا

جب کیا یو حرف میرے دل میں جا — تب کیے مجھکو بزرگاں پیشوا

ہووے جب گر یوں بندہ فرمان میں — مہر اسکی ہووے دھکنے جان میں

بندگی حاصل نہیں ہے لاف سوں — بندہ ہونا اعتقاد صاف سوں

بندگی وہ ہے جو آزمائش میں آئے — ہور نشانی بندگی کی پائے جائے

بندگی ہے سر بسر افگندگی — نا اچھے افگندگی بن بندگی

جب ہوا بندہ تو حرمت کر جتن — راہ سوں پہ حرمت کے عزت کر جتن
جب کرے نکسا بندہ بے حرمتی — حق دیکھاتا ہی اُسے بے عزتی

نکتہ

کس بندے کوں شاہ نے خلعت دیا — پہن کر خلعت او گھر کی رہ لیا
ناگہاں نکیں موں پہ چھینکی گرد خاک — او کیا آستین سوں خلعت کے پاک
بات تو جا کر کہا کوئی شاہ سوں — شاہ فرمایا کہ اُس گمراہ کوں
ترت سولی دیو ناکر کر درنگ — جو رکھا نئیں دہ مرا ناموس و ننگ
تا کہ جگ میں خلق کو عبرت اچھے — تو سزا اُسکی جو بے حرمت اچھے

سوال سائل سیزدہم

نیں ہوا پنچھی کہا میں ہو بھر — خرچ کو نیرے نہیں ہی کچھ ادبار
جو نیرے ہاتھ آے سو خرچوں مدام — جمع کرنا ہی مجھے مطلق حرام
جس گھڑے جو آے سو پھر کرنا ہے — نئیں کئے لگ خرچ جوں گر بڑا ہے
نقد تو کچھ نئیں کیا جاتا جتن — ہاتھ کوں لرتا ہی بچھو کے ممن

جواب دادن ہدہد

پس کہا ہدہد کہ ای تو خوش دیسے — خوب تو ہوتی ہی اکثر کم کسے
تو جوان مرداں کی خصلت ہی تمام — سر ہی پاکبازاں کا تو کام
راہ میں تو لاکے جو کچھ ہی سود ہے — بعد ازاں اُسکا نفع تو دیکھ لے

اس جہاں میں دل اپس کا سب سوں توڑ	جو تو چاہی تو نکو پھر اسکو جوڑ
دے جلا یک آہ سوں سب ایکبار	خاک میں جا بیٹھ ہو کر خاکسار
جب کریگا تو اپس کوں اسو صفا	ہو سکے حاصل تجھے حق کی رضا
جب تلگ گذرا نہیں سب چیز سوں	شہ کنے کیوں جائیگا دہلیز سوں
ہاتھ اول سب چیز سوں کوتاہ کر	بعد ازاں آگے ہو قصد راہ پر
جب تلگ یوں نیں ہوا تو پاکباز	کر سکیگا راہ کا تو کیوں کر ساز

حکایت پیر ترکستان

کیا کہا ہے پیر ترکستاں سخن	جو مجھے دو شی سو ہی لی سالگن
ایک گھوڑا اور دو جا فرزند ہے	دل مرا دونوں سوں جا بندے ہے
لاے جن فرزند مرنے کی خبر	بخش دیوں گھوڑا جو اسکو شکر کر
بس کہ میں جب دیکھتا ہوں تو ذوق چمن	بہت ہو دس آتے ہیں انکھوں میں نخرین
شمع کا تجھکو جلگ تیں سوز و ساز	تو نکو کہلا اپس کوں پاکباز
پاکبازی کا جو کوئی دعوا دھرے	سب اپسکی آرزو برہم کرے
بیٹھ پھر جب کھانے روتی پاکباز	غیب سوں اسپر پڑے غم جاں گداز

حکایت شیخ ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ

شیخ خرقانی کے دلکوں مو بمو	تھی بنجالیاں کی مدت سوں آرزو
ایکدن ماں کوں انوں کے مہر آئی	زور سوں آدھا بنجالا لیا کھلائی

ناہیں بیر سو چھپا پی پی سیاب
نہ پیکس وہ نا بکار مرد وار
ان سرکو اٹھاکے بات الناس
جیو چھپو وہیں چھپ مسلمانی

ناگہانی از قضا ذیبے منے
یار داں سٹ شیخ کا بیٹا لنے

پس لگے کہنے کوں ماں سو شیخ وش
ہیں کہاں تمنا کوں سو شو نا بیش

آرزو سو کھاؤں ہیں جب کچھ طعام
خون دل کا مجھکو بھر دیتے ہیں جام

سخت مشکل آتری ہے مجھ پہ اب
نیں سمجھتا آئیگا بھی کیا سو کب

گرچہ ہیں میرے پہ سو سو غم پہ غم
نیں الیس یہ جانتا ہوں کم سو کم

کھینچتا ہے حق جسے اپس طرف
راہ دیتا نیں زباں کوں کس طرف

لذتاں کرتا ہے سب اوسپر حرام
دکھ سٹ رکھتا ہے اسکو مدام

جب کرے کس چیز کا او سیہال
امتحاں کا بھیجتا ہے کارواں

کئی ہزاراں عاشقاں کے جیو نزار
اسکی خونریزی پہ ہوتے ہیں نثار

عاشقاں تو آرزو نٹ اچھ دھریں
جی الیس کے جیو کوں کب قرباں کریں

حکایت شیخ ذوالنون مصری کے رحمۃ اللہ

شیخ ذوالنون پیشوائے نامدار
اتفاق یوں کرتے ہیں جے میں اکیا

کہیں بیاباں میں چلیا تھا لینکے راہ
جب توکل پر خدا کے کر نگاہ

واں نظر آئے مجھے چالیس تن
خرقہ پوشاں خفتہ بیجاں بے کفن

عقل میری ہوش سو جاتی رہی
آگ شعلے دل منے کھاتی رہی

پس کہا میں جیو منے ای پروردگار
دوستاں کوں کیوں کیا یوں خوار و زار

تب کیا ہاتف نے مجھ کوں یوں ندا
کام میرے تو مجھے ہیں نٹ اچھ سدا

در بیان وجود ملاں و زنجیرہ
ای دوست میں جو ملتی
مجھ دل جو جیو میں ہی
اس تن میں وو ہن قوا یں وھن
یا اس میں سب بیتا کھن
اس تن کوں زور ن کھاے پیا
لہجا سین تو ن ش سدا

ملا دو کے دن اٹھا دیتن
تو ن میں ابلیس یتن
نا تن کوں اس کی ارت
نا تن کوں اسکی اپی جت

دوستاں کا خون کرلیا ہوں میں
پھر کے انکا خون بہا دنیا ہوں میں

تلک ہی خون بہا میرے کنے
مارتا ہوں دوستاں پل پل منے

کیا ہی انکا خون بہا میرا لقا
جسمیں لقا سو پائینگے دائم بقا

روز محشر کوں کرونگا سرفراز
دیونگا دیدار انکوں دل نواز

اٹھینگے جس روز میرے روبرو
خون سوں اپنے اچھینگے سرخرو

دیکھ میرا آفتاب ذوالجلال
محو ہوکر جائینگے سایہ مثال

نہ رہیگی کچھ اُسے تن کی خبر
ہوئیگا جن محو مجھکوں دیکھ کر

کچھ عجب ہی ای فلاں یو محویت
نیں کہا جاتی ہی جسکی کیفیت

خرچ کر جیاں سرکوں او اسرار دیکھ
خود سوں گم ہوکر خدا کا یار دیکھ

مرد کوں کیا دولت اس بخشش اچھے
جو الستی بیخود و بیخویش اچھے

نکتہ

بات جاں بازیکی ہی یو کیا گراں
جو کئے فرعون کے وہ ساحراں

خوف کچھ فرعون کا دلمیں نہ لیا
بول اُٹھے برحق ہی موسیٰ کا خدا

کیا ہے او دولت جو یو حاصل کئے
جیو الس کا دیکو ایماں کوں لئے

ایک قدم رکھ دیکھے میدان میں
اس جہاں سوں گئے نکل یک آن میں

آمد و رفت اُستی خوشتر ہی کہاں
جانتے ہیں یو مراتب عارفاں

سوال سائل چہاردھم

چو دعواں پچھی کہا ای با خبر	مرد کی ہمت اوہی کچھ بھی اثر
گرچہ میں ظاہر میں ہوں پنچھی ضعیف	ہی مجھے ہمت حقیقت میں شریف
نیں اوک ہی اگرچہ بھی طاقت مجھے	ہی ترت بار بری ہمت مجھے

جواب دادن هدهد

پس کہا ہدہد کہ ای صاحب نفس	مرد کو دنیا میں ہمت ہی تو بس
کیا ہی تجھکو میں کہوں ہمت بلند	مطلب عالی کو ہی تیرے کمند
مدعا کی تن پہ ہمت سیس ہی	عشق کے جذبے کو مقناطیس ہی
جسکو ہمت پر اچھینگی دست رس	ہاتھ آیا ہی اُسے سمجھو پرس

حکایت فروختن یوسف علیہ السلام و خریدار شدن پیرزن

جس گھڑی بازار میں یوسف کو لائے	مصر کے لوگاں خریداری کو آئے
کوئی تو انکے وزن ستی پانچ بھار	شوق سوں دینے لگا مشک تتار
کوئی تو بھاروں بھار زر دینے لگا	کوئی جواہر اور گہر دینے لگا
اس گھڑی ہوئی پس منے یک پیرزن	تن سو چرخا سو گالے کے ثمن
لیکو آئی ایک تانا سوت کا	دہ سو مایہ ترت اُسکے قوت کا
پس کہی دلال کو لو سوت لے	بیچتا ہی تو مجھے یوسف کو دے
بعد ازاں ہنس کر کہا دلال او	تو سو کیا اور کیا ترا مایہ ہی یو
کاں او زر کے گنج کاں تیرا یو سوت	تو دیوانی ہوی ہی یا لا گیا ہی بھوت

پس لگی کہنے بڈی دلال سوں — جانتی ہوں میں بھی اپنی بات کوں

لیکن اتنا بس مجھے دنیا میں ناؤں — جو خریداراں میں یوسف کے کہاؤں

پائے ہر کوئی جگمنے ہمت سو نام — راہ میں مولا کے ہمت آئے کام

نکتہ

دیکھ ہمت بلخ کے سلطان کی — ایسو ضع کی سلطنت کرشان کی

چھوڑ کر پل میں کر سب ہو جدا — کیوں لئے مرداں نمن راہِ خدا

پاک ہمت ہوئے جکوں راہ بر — اِس نخس دُنیا پہ نیں کیتے نظر

جن انکھیاں خورشید سو لایا ہے اُو — اک نظر میں لائیگا ذرے کوں اُو

حکایت نالیدن درویش از فقیری وجواب دادن ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ

کوئی درویشی سوں نالاں تھا فقیر — دیکھ کر سلطانِ ادہم اُسکے دھیر

لطف سوں کہنے لگا ای بے خبر — نعمتِ درویشی ملی ہے تجھ مگر

ہس کے بولا اُو گدائے مبتلا — مول لیتی ہی فقیری کیا بلا

بعد ازاں سلطان کہے ای بد مزاج — میں تو اپنا ملک و مال و تخت و تاج

آرزو سوں دیکے درویشی لیا — سو سمجھتا ہوں اجوں کچھ نیں دیا

قدر درویشی کی ہے میرے نزیک — کیا تجھے معلوم ای مردِ رکیک

اہلِ ہمت جیو سو ہوتے ہیں فدا — ورد سوں محفوظ رہتے ہیں سدا

دین ہور دُنیا سوں جاتے ہیں گذر — دم بدم اُنکا قدم ہے پیشتر

گر تجھے اس راہ میں ہمت نہیں | پس نیں قسمت سے نعمت نہیں

حکایت شیخ غوری با شاہ سنجر

شیخ غوری شہر سو جا اکبار | مل کے دیوانوں میں بیٹھے پل تلار

از قضا سنجر بھی نکلا آگے وہاں | پس پوچھے بیٹھے ہیں لوگاں کو یہاں

شیخ بولے ہیں ہمیں بے پا و سر | بے خبر دنیا سوں حق سو با خبر

گر تو ہونا ہی ہمارا دوستدار | کھینچ لیتے ہیں تجھے دنیا سو بھار

ہیو رہماری دشمنی گر ہے تجھے | دین سو دکھلاویں خاہج گر تجھے

دوست ہی تو آ ہمارا ہو رفیق | ہی اگر دشمن تو اپالے طریق

پس کہا سنجر کہ بخشو مجھکوں تم | میں سو دونوں بات میں تا ہو گم

نا تمھارا دوست ہو سکتا ہوں میں | نا تمھاری دشمنی رکھتا ہوں میں

نا تمن سو فخر ہی مجھکوں نہ ننگ | نا تمن سو صلح دھرتا ہوں نہ جنگ

میں بیدے جاتا ہوں تم خوش ہو رہو | نا مجھے تم یوں کہو نا اوں کہو

کیا ہی ہمت یو نکھرو تیز پر | دم بدم پرواز جس کا تیز تر

شیر اسکا عالم ہستی سو بھار | حالت ہشیاری و ہستی سو بھار

حکایت دیوانہ کہ گریہ میکرد

یک دیوانہ رات کوں روتا تھے زار | بولتا تھا یوں کہ کیا ہی روزگار

یک پیالہ ہی کہ جسمیں ہم تمام | پھر بھراتے ہیں چڑتاں نمنے مدام

موت جب سر سوں سب پر ٹوٹیں کا تر … جسکو پر ہیں جا وہ باز و کو جھاڑ

ہو ر نہیں جسکوں پراں ہو پر رہے … تیس بچاری کی جھاڑیں اتر رہے

گر تجھے بھی ہونگے ہمت کے پر … جائیگا اس قید سو پرواز کر

بند میں ہے اس بچارے کے جلگ … کر اپکے بال و پر پیدا تنگ

نیں تو بال و پر جلادے تو بھی جل … تا کہ سب سو جاکے پوچیگا اول

حکایت شپرک

کوئی کہیا شپرک سوں ای بدروزگار … کیوں نہیں دنکوں نکلتی گھر سوں بہار

تا نظر آوے اجالا روز کا … موں تجھاوے سورج جگ افروز کا

کیوں اندھارے میں رہنگی کو لگوں … گھر کے ساندیاں میں چھپیگی کو لگوں

دیس تجھ نس تی بد تر ہے سیاہ … رین ہے تیرے پہ ظلم و دود آہ

گر نجھاونگی تو مکھڑا سور کا … پائیگی آنکھیاں میں حصہ نور کا

پھر اندھارا تجھکو خوش نا آئیگا … تیرگی کا زنگ دلسو جائیگا

آ ادھر دیکھ آفتاب موج زن … کب تلگ ساندان میں پکڑینگی وطن

پس کہی شپرک اسے ای بے خبر … کیا تجھے کام آئیگا سورج جیدر

سور کا تجھکو دکھاتا کیا ہے نور … سور تو نور حقیقی سو ہے دور

زرد رو ہے ماتمی کا بھیس گر … جھاکتا پھرتا ہے نت اٹھ در بدر

شام کو ٹھوٹھیں شفق کے ہوے لال … چھپ رہے ساری رین جا کر پتال

حکایت

[illegible]

ایکدن ہو جائیگا وہ بھی سیاہ	نا کریگا کوئی طرف اسکے نگاہ
روز تیرا درحقیقت ہی رین	دیکھتے جب کے ٹھنڈے ہوویں نین
عاشقاں پر جلوہ گر جب ہووے رات	دیکھتے ہیں آفتاب نور ذات
آشکارا ہووے جب او آفتاب	خلق سارا ہو رہے مشغول خواب
پرتوے سو اسکے شرما کر تو سور	چھپ رہے مغرب کے گوشے میں ضرور
جسکو بیداری اچھے تیرے نمن	آئیگا وہ آفتاب اسکے نین
تجھکو گر بھی دیکھنے کی ہی ہوس	سو تکو غفلت سو ہرگز یک نفس
ہی مجھے چوں نسکی بیداری میں جست	گرد اس خورشید کے پھرتی ہوں نت
دیکھتی ہوں جب میں خورشید مجاز	چھپ رہتی ہوں گھر میں اپنے ہوکے واز
نیس کو تو ہی نقد خورشید الہ	او سو کسکو آتے نا ہرگز نگاہ
گر تجھے ہمت ہی باز انکے نمن	ہاتھ پر شاہاں کے ہے تیرا وطن
ہو رمچھر جیسے تجھے ہمت نہیں	کسکے نظراں میں تجھے حرمت نہیں
جسکو ہمت ہوئیگی سو مرد ہے	سور جیسے گندگی سو فرد ہے

سوال سائل پانزدھم

پس پوچھا پنچھی بیندرواں یا صفا	کیوں ہی اس مرد میں انصاف و وفا
طبع میں تیرے تو جسم انصاف ہے	نیوفائی سو بھی سینہ صاف ہے
ہوئیگی جسکی طبیعت اس وضع	کیا جزا اسکا اچھیگا کس وضع

[illegible]

جواب دادن ہدہد

پس دیا ہدہد نے اسکوں یو جواب	سب سوہی انصاف کی خصلت صواب
کیا کہوں انصاف کی میں تجھکوں بات	ہی سچیں انصاف کے سلطاں صفات
تجھ سوں گر ہوا آیگا انصاف ایک	عمر کے روزے نمازاں سوں ہی نیک
دل منے انصاف اپنے جن کرے	سب سوں زیادہ او جوانمردی دھرے
نا کرے انصاف جن کوئی آشکار	باطن اسکا یو فانی سوں ہی خوار
ہر دو میں انصاف منگتے کس کنے	وہ سو منصف آپ ہیں اپنے منے

حکایت احمد حنبل رحمۃ اللہ

احمد حنبل امام روزگار	تھی ہی حنبل کی کچھ تصنیف کوں شمار
جب فراغت علم سے پاتے او	[illegible]
لوگ انکوں منع کرتے خیرخواہ	کیا سبب [illegible]
خلق عالم کے تمیں اچھکر امام	کیا تمن سرپا [illegible] کام
پس کہے حنبل کہ مجھکوں نشتر	گر ہیچ [illegible]
علم حق میرے سو ہی انکوں زیادہ	حق کی پہچانت منے ہیں او [illegible]
جن کے دل میں اسو صفت انصاف ہے	کیوں نہ سینہ [illegible]
و کہنہ تو انصاف سوا ہے بے خبر	منصفی پر منصفاں کے کر نظر

حکایت اسیر شدن راجہ ہند و مسلمان کردن سلطان محمود اورا

سبب اسمیں ہنسن سنیں غصہ ترنگی
پر کیتے بخشش مجھے شفقت سنبھل
تب آن دن عبرت دو روز لنب
سبمع اسے اریچ

ہندواں میں کوئی تھا راجہ گھنبیر / لیکن ہوا محمود سلطاں کا اسیر

لیکے آئے جوں اُسے محمود پاس / دین سو کیتے نبی کے روشناس

جب ہوا اسلام سوں او آشنا / دل دو عالم سوں کیا اپنا جدا

نکلا جا بیٹھ گوشے کے منجھار / رات دن رونے لگا بے اختیار

تھا کام اسکو غیر از سوز و آہ / روز اسکا رات سوں بدتر سیاہ

سوز و زاری جب گئی حد سوں گذر / ہوی بزاں محمود سلطاں کوں خبر

پس بلا راجہ کوں شاہِ نامدار / مہربانی سوں کہا کیوں تو ہے زار

میں تجھے دیونگا اتا کچھ ملک و مال / جو تو یک ساعت میں ہو جاوے نہال

دو نکو اس بھانت ای راجہ گھنبیر / دیکھ منے اپنا نکوں سکالو سریر

پس لگیا کہنے کوں راجہ شاہ سوں / میں تو رونا نیں لیا ہو ملک و مال کوں

سوز و زاری ہے مجھے اسکے سبب / جو قیامت میں کہیگا مجھکوں رب

ای میرے بدعہد بندے بیوفا / کس وضع کیتا ہے میرے سوں جفا

میں گیا تو یاد میرا اب تلگ / تجھ پیٹ میں محمود آیا جب تلگ

جب کیا لشکر کشی تیرے اپر او / آسرا میرا الا ای زشت خو

میں گیا تو یاد لشکر بن مجھے / دوست سمجھیا کہ دشمن کر تجھے

اب تلگ تجھ سوں جفا مجھ سوں وفا / تو وفاداری نے ہے کیوں روا

اس وضع گر حق کرے مجھکوں خطاب / کیوں کہ دیوں اس بیوفائی کا جواب

بولیا کہ اُسے بچا دو ہوت ڈھاؤ
ازبہر خدا کہے میں بت بھاؤ
اظہار کی ادبک نہ تجھ کم
اُس پوت کی جا بسی ملک یہ دم

اب اود جو خواب میں انکھا ہے
کیا او خواب بے خواب کہ بولی نکھا
اس خواب جو خواب کی بی تعالی
سینچا بولو خواب بی ایک ساعت
دولت ہوا ہی بیا سب

بولا کہ وہ یک عظم قدرت
جتیاں کی کرم سو ہوا ضیافت
القصہ او سب کیش اپنایا
او دوست بچائے کر کھلایا

شرمساری ہے مجھے اس بات کی — سوز دن کا اور زاری رات کی
تو بھی ای درویش یا تو ان الٹس آہ — راہِ انصاف و وفا درپیش لا
ہے وفا تجھکو تو عزمِ راہ کر — نیں تو ہاتھہ اس بات سوں کوتاہ کر
جن اچھے راہِ وفاداری سوں دور — ہے جوانمردی منے اُسکے قصور

حکایت مرد غازی و کافر

غازی و کافر اتھے کیں جنگ ساز — آ لگیا وقتے منے وقتِ نماز
پس رضا غازی نے لے کافر سوں بھی — کر نماز اپنی لگیا لڑنے کو پھیر
بعد ازاں کافر کے پس وقت پر — لے رضا غازی سوں جا استھان کر
ہو کے اوندھا سر جھکا کر بت کنے — پس کہا غازی نے اپنے دل منے
تو تو اوندھا ہو رہا ہے بے خبر — وقتِ فرصت کا مجھے ہے خوب تر
کھینچ کر شمشیر جب جانے لگیا — ہاتفِ غیبی ندا اُسکوں دیا
کای جوانِ بے وفا بے اعتبار — خوب عہد اپنا رکھا ہے استوار
او جو تھا بے دین کافر بت پرست — عہد نیں اپنے دکھایا نیں شکست
تو مسلمان اچھکے جو عہد پہ آے — کیا کہا جاوے تجھے ای واے واے
دیکھ کافر کی بھلائی بھی سو کیوں — نا جوانمردی تجکو کر اشتی تون
او کیا نیکی تو کرتا ہے بدی — نا لگینگی تجھکو بھی نیکی کدی
تھا وفا کافر سو ہور تجھکو امان — ہے اتا تیری وفاداری کہاں

ای مسلمان مسلم ہی تو کہوں　　کافران سے عہد میں کم ہی سو کیوں
گر تجھے ہی عقل کے شے سود میں سود　　دیکھ جا مصحف میں اوفوا بالعقود
سن یو غازی بات حیرت میں پڑیا　　خوف سے میں ڈوبیا خجالت میں گھرا
کافر اسکو دیکھ کر حیران وزار　　ہاتھ میں شمشیر ننگی آبدار
پس اسے پوچھا کہ تو روتا ہی کیوں　　تب کہا غازی کہ تیرے کاج یوں
حق تعالی نے کیا مجھ پر عتاب　　بیوفائی کا دیا مجھکو جواب
سن کر اتنی بات کافر اشکار　　ایک نعرہ مار رویا زار زار
پس کہا یارب تو مجھ دشمن بدل　　دوست کے احوال پر لایا خلل
بیوفائی اب رکھوں میں کیوں روا　　لطف سو دکھلا مجھے راہ ہدا
ای دریغا میں تو سب اپنی عمر　　فضل سوں تیرے رہا ہو بے خبر
اسو خدا کا فر سو ہی جب فضل رب　　پس لکھو ہو بیوفائی بے ادب
صبر کر کوئی روز رہیا پس فلک　　تجھ سوں تیرے فعل لوٹے یکبیک

حکایت ملاقی شدن برادران از یوسف ع و نواختن شان

قحط سوں کہیائی دسی یوسف کے جب　　مصر سوں کنعاں کو آ چلکے سب
قحط سالی کا لگے کرنے کو دکھ　　پیر سوں تینوں کے ہر یک دھوے تھے
حضرت یوسف تو پر تو دیکھیہ ڈال　　تخت پر بیٹھے تھے با جاہ و جلال
پس اٹھا یک طاس پس لیسا طاس پر　　ہاتھ مارے سو اٹھیا جھنکار کر

پس کہا بھایاں کو یوں ای یار ہنو — کچھ خبر ہی طاس کیا کہتا ہی سنو

بعد ازاں تو لے او پلیداں ناشناس — کیا سمجھ ہنا جو کیا کہتا ہی طاس

تب کہے یوسف کہے ہیں تو لوں تمن — طاس کیا کہتا ہی سو راز کہن

کوئی تمہارا بھائی تھا یوسف لگر — پاک صورت رنگ خورشید و قمر

پھر کے مارے طاس پر یوسف نے ہات — پس کہے تو طاس یوں کہتا ہی بات

جوت میں اس بھائی کو ای آہ آہ — جھو نکھ ڈالے ہیں کوئیں بے گناہ

پیرہن کو اسکے رنگ کر خون سوں — لا نذ گا کھایا کہے یعقوب کوں

بار دیگر طاس کو یوسف بجا — تو ل اٹھے کہتا ہی طاس اب اسو ضا

بیچ ڈالے ہیں براں اس بھائی کوں — کیا تمیں تو کام کیتے ہیں زبوں

کوئی کافر بھی کرے نا اسو ضع — جو کئے ہیں بھائی سو تم جسو ضع

یو سخن سنکر وہ سب حیراں ہوے — گئے تھے روزی کو سو گلن پانی ہوے

تب تو بیچے تھے جھوٹ یوسف کی ذات — اب اپے بیچے گئے حیرت کے ہات

تب کوے میں انکو جیوں آئے تھے ڈال — آپڑے آپی کوے میں یوں اپال

کیا ہی او اندھلا جو تو سنکر قصہ — دل منے عبرت سو نا لیوے حصہ

کیا کہوں میں تجھ کو خوبی کر نظر — تو قصہ تیرا ہی سب ای بیخبر

بیوفائی کے جو تو کرتا ہی کام — اٹنگی تیر تجہ آگے وہ تمام

عمر کے جب طاس پر بارینگے ہات — د سکے آونگی تجھے کم اکنیات

ادنی ہی تو یو سب ہی نپٹ تو نپٹ عجب
طالب بمطلوب پایا تو طلب جھوٹ
جو سکے زنباں سکو نپٹ
ہی بس انچ اچے لگیں گھٹ

صبر کرنا جواب سو تجھکوں جگا ئیں	کام نا لائق تیرے تجھکوں بتائیں
صبر کرنا حشر کوں ای بیوفا	لا کے دکھلاؤیں تجھے تیرے جفا
عدل کا بجنے لگیگا طاس جب	دیکھے آونگے تیرے افعال سب
ہوش ہی تو عاقبت کا کر بچار	نیں تو آخر طاس اٹھیگا یوں پکار

سوال سائل شانزدہم

سولہواں پنچھی کہا ای پیشوا	ہی جو اس درگہ منیں گستاخی روا
جو کرے گستاخ ہو کر بات کوئی	کیا جزا اُس کا کہو کس دھات ہوے

جواب دادن ھدھد

پس کہا ہدہد کہ جن ہیں اہل راز	قرب سو حق کے ہی دائم سرفراز
گر او گستاخی کرے تو سہل ہی	محرمیت کے سبب او اہل ہی
جس کوں ہو معلوم حرمت اور ادب	او جو گستاخی کرینگے تو نیں عجب
تا کہ ہر یک بے ادب جا کر نہ	قرب کے دستور سو ہی بے خبر
او جو گستاخی کرے خاصا کے بار	جان اور ایماں گنوا دے اکبار
ناز محبوباں کریں تو کیا عجب	جو دیوانے ہیں محبت کے وہ سب
او جو گستاخی کرے تو خوش دسے	بات دیوانے کی سن سب کوئی ہسے
او سلامت ہیں ملامت سوں مدام	کوئی برا مانے نہ انگا اُس کلام
تو بھی دیوانہ ہی تو گستاخ ہو	بار کوں دیوانگی کے شاخ ہو

بعض کہیں یو درشت دارا
جسکا جو یو سلطنت ہی سارا
یو گیاں یوں منیں یا سب ہی
اُس کی بی یو دولت دارا سی

دریا جو اسکا یو ادراک ہی
سخن خصوص کا ہی
شعر یعنی یو سر کو پایا
بعض کہیں اسراں سب سو پایا
او اصل یو سب ہی اسکے چھپایا

ہاتھ میں بھی تحقیق وجود دان
با وجود کہیں بی ہی تو وجود آن
اُس اوپر یوں یو ظہور سارا
بن یگان کہ سو سب ادکھارا

گستاخی بایزید رحمة الله

ایک جنگل میں بایزید نامدار
شوق سوں یک جھاڑ کے سایے تلار

مست بیٹھے تھے دو جگ سوں بے خبر
سر کی ٹوپی دھر کے گز کے اوپر

غیب سوں تیسے آئی ندا
بیچیا ٹوپی کوں کیا اپنی گدا

پس کہے گستاخ ہو کر بایزید
تو یہہ ٹوپی کوں کر سکتا ہے خرید

کیا ہی تیرے پاس جز دنیا و دیں
میں بیتے کوں دیو ونگا ٹوپی نہیں

بھی اچھینگا اُستی اگلا کیا سو لا
میں تو چکے بیٹھے آپس رجا

بھی ندا آیا کہ سُن ای بایزید
کر انکوں اسبھا گستاخی مزید

میں تو عالم کوں کہونگا انکیا
جو کریں سب ملکے تجھکوں سنگسار

بایزید اسکا دئے پھر کر جواب
تو بھی بس کر ای خدا مستطاب

میں تو کر دیتا ہوں تیرا افضل فاش
تا عبادت کا رکھے نا کوئی تلاش

ہیں جو کوئی درگاہ حق کے رازدار
انکوں گستاخی اچھے تو سازوار

حکایت گستاخی دیوانہ در قحط سالی

مصر میں ناگہ پڑیا اِک دو کال
خلق عالم کوں دسیا جینا محال

جابجا مُردیاں کی پڑتی تھی ڈھگار
نیم جاں کرتے تھے مردیاں سوا دھار

ایک دیوانہ اس وضع کا دیکھ حال
پس کہا گستاخ ہو ای ذوالجلال

رزق دینے کی جو نئیں تجھکوں سکت
کیا سبب کرتا ہی پیدا یہہ خلقت

جھکو ہی اسد ھا گستاخی کی راہ	ہو سکیں اپنی خطا کے عذر خواہ
کر نکالیں منہہ سوں کچھ بات کج	عذر کر سکتے ہیں خوبی سوں اولج

حکایت دیوانہ کہ از ترس اطفال در گلخن خزیدہ بود

یک دیوانہ شہر کے طفلاں سوں ڈر	مارتے ہیں اسکوں پتھراں سوں گھر
جا چھپیا یک گھر اندھارے میں کہیں	بس لگے گاراں ترسنے کوں وہیں
از قضا اُس گھر کوں روزن تھا کدھر	وہاں سوں آئے گار ہچ کے سیس پر
ہچ نے سمجھا کوئی پتھر ماریا بس	گالیاں دینے لگا لاکھاں سوں بس
بعد ازاں بارا چھوٹیا سوں پھر آت	کھل ترے تب گھر دروازے کے پات
روشنائی کا ہوا پرتو عیاں	ہچ نے دیکھا تو نہیں کوئی طفل وہاں
غیب سوں آکر لگے پتھر سر پہ گار	تستی دیوانہ ہوا لیتی ترسار
بس کہا یارب اندھارے میں تجھے	میں جو کچھ بولیا نہ سمجھا تھا تجھے
گر دیوانہ ہونکے میں تجھکوں کہا	تو تکوں کر دور میرے سوں میا
میں تو مطلق مست لا یعقل اتھا	بے قرار و بیکس و بیدل اتھا
عمر میری گئی ہے ناکامی منے	دم بدم بے عقل اور خامی منے
تو زباں طعنے کی مجھ سوں دور رکھ	عاشق دیوانہ کوں معذور رکھ
جان لے مجھکوں تو معذوراں منے	گن مجھے بھی ایک بے شعوراں منے

سوال سائل ہفدہم

ستر ھواں تجھی کہا جو ہی تلک
عشق کی لیس مئیں تیرا ہو ئیں ہلک

کام میرا عشق سو ہئی ہر نفس
سرسوں میرے عشق کا سودا ہی لیس

عشق نے جب سو کیا سروا مجھے
نئیں رہا کچھ جیو کا پروا مجھے

وقت ہی جواب کروں جیو کو نثار
تا تجھا دیکھوں جمال روے یار

دیکھ کر اسکو انکھیاں روشن کروں
داغ دل کو ایکدم گلشن کروں

جواب دادن ھدھد

لیس کہا ہدہد نکو یوں مار لاف
نا ملیگا لاف سو سیمرغ قاف

لاف دعوا عشق کا ہرگز نکر
عشق دونوں بات سو ہی دور تر

گر تجھے دولت مددگاری کرے
فضل اور توفیق رب یاری کرے

کھینچ آپس طرف تجھکو لیجاے
انکلا خلوت مئیں اپنے بیٹھلاے

تب تیرا او لاف دعوی خوش دسے
بات تیری صادق آوے ہر کسے

جب تلک اسکی نہیں تجھکو کشش
تو کیا کوشش تو کیا اسکی روش

حکایت بخواب دیدن مریدی شیخ بایزید را بعد از وفات

چھوڑ گئے دنیا کو جسدن بایزید
خواب مئیں دیکھا انو کو کوئی مرید

بعدازاں پوچھا کہ ای پیر کبیر
کیا تمھارے سو کہے منکر نکیر

شیخ بولے جب مجھے او نامدار
کون ہی پوچھے تیرا پروردگار

میں کہا تو مت گرد مجھ سو سوال
ہی عجب تیرا تمھارا قیل و قال

جو کہوں میں سو خدا نیڑا ہی بس | تو سخن دستا ہی پن دل کا ہوس
جا تم پوچھو خدا کو پھر کو دیس | جو مجھے بندہ سمجتا ہی کہ میں
جانتا ہی او مجھے گر بندہ کر | پس بندہ تحقیق ہوں میں نا مور
او جو بندہ بال میں نہیں گنتا مجھے | پس کوا نا بندہ میں بنتا مجھے
جس بندے سو میں ہی خدا آشنا | او بندہ آپی کوا یا جب تو کیا
گرچہ میں ہوں بندگی سو میں خدا | لیک بندہ کرکے تونے جا جب خدا
ای بندہ جب تجھ یہ او عاشق ہا | عشق اسکا تب تجھے لائق اچھے
او اگر تجھکو کرے آلستی یاد | ہی روا تجھکو جو ہووے شاد شاد
اصل میں اسکی کشش درکار ہی | نیں تو تو کوشش تیری بیکار ہی

حکایت درویش عاشق کہ باخود میگفت

عشق سو درویش کوئی تھا زار زار | دوستی میں اگ کے بس بیقرار
جل گیا تھا عشق کی آتش سو جان | سوز سو سینے کے جلتی تھی زبان
ہو رہا ہی جان و دل جل بل کباب | جو منے اصبر نا طاقت نہ تاب
دوکھہ سو چھاتی پھوڑ اپنی زار زار | بات سو کہتا چلیا تھا بیقرار
عشق سو جلتا ہی جیو جاں کباب کروں | اس اگن میں صبر سوزش کاں دھروں
پس کہا ہاتف مکو توں لاف مار | جب او لج کر کہوں تڑا ہی خوار زار
توں اٹھا درویش میں الجھا ہوں یک | بلکہ او الجھا ہی تجھ سوا ای عجب

کیا اچھو لگا میں مجھے کیا ہی مجال | جو کروں اسکی محبت کا خیال
کیا کیا میں جو کیا سو اُو کیا | دل کوں میرے خوں کیا تو اُو کیا
ای گدا الجھا ہی اُو خود تجھ سگات | تو الیس کی کا یکوں لیا تا ہی بات
کیا اچھیگا تو جو الیسے کام میں | لائیگا وسواس اپنے فام میں
عشق کب تیرے سوا اُو اپنا لگائے | صنع سوا نپے اُو اپنا عشق لائے
کیا ہی تو اُور کیا ہی تیرا کاروبار | ہی جو کچھ سو صنع صانع کی بچار
لائیگا گر تو الیسکو درمیان | نا رہیگا تیرا ایمان نا تو جان

حکایت رفتن سلطان محمود بخانۂ مردی

اکدن محمود سلطان کیں نگر | جا کے نکلا ایک بھتر بیچ کے
اُٹھ کو بھتر بچھو نجا تو اضع سو شتاب | لا رکھا آنگے خوشی سو نان و آب
بادشہ کھا کر ہوا محظوظ جیوں | وہ لگا ہی جھونکنے بھتر بھار کوں
پس کہا شہ نے کہ ای مسکین گدا | کب تلک نوں بھار جھونکیگا سدا
آ تجھے کرتا ہوں دولت سو نہال | منگ جو کچھ منگتا ہی میرے سو اتال
پس کہا اُو کیا منگوں ای بادشاہ | بس ہی مجھ کوں جو تو آوے گاہ گاہ
دیکھنا تیرا مجھے دولت ہی بس | بھی کسی دولت کی نئیں مجھکوں ہوس
بیٹھ کر تجھ سیوں اس کشٹ اُپر | مسند و دولت سو مجھکو خوب تر
تو الیس دولت سو آیا میرے گھر | چھوڑ کر اس گھر کو جاؤں میں کدھر

گھر تو میرا تجھ سوں جوں گلشن ہوا
کس تیٔ اس گھر کا مجھے گلشن ہوا

کیا اچھیگا اس تی او دولت زیاد
جو کیا دیدار تو مجھکو شاد

نیں ہے اب کچھ مجھ کو دولت کی طلب
تو ملیا مجھکو تو میں پایا ہوں سب

ملک و دولت سب میرا سو تو بچہ ہے
کیا اچھیگی تجھ سو بہتر کوئی شی

تو بچہ مجھکو بس ہے میرا بادشاہ
لیکن آتا جا رہیں تو گاہ گاہ

عشق اسکا مجھکو ای درد مند بس
بھی نکو کس بات کا کر کچھ ہوس

سوال سائل ہدہد ہم

آٹ پر دسواں پنچھی آکر کہا
سب عمر تو میں رہیا میں رہنما

میں کیا ہو بھانچہ حاصل سب کمال
بات چل مجھکو دستا ہے محال

معرفت جب بھانچہ مجھ حاصل اچھے
چپ بھٹکنا مجھکو لا یعقل اچھے

کون ہے جو اپنے گھر میں چھوڑ گنج
بیہودہ سو سے جنگل میں جا رنج

جواب دادن ہدہد

پس کہا ہدہد کہ ای شیطان صفت
جو منے تیرے ہیں کچھ معرفت

تو خیال خام ہو تیرا غرور
معرفت کے قرب سو پاتر ہا ہے دور

کبر رکھیا ہے نفس تجھکو زبردست
ہو رہا ہے دل ترا شیطان پرست

میں نے کے ہند میں سنتیا ہے تو
رہے یک لگ جھنڈ میں اکر ہا ہے تو

معرفت کا نور میں سنار ہے
وحدت میں ہے تو خود کا بار ہے

ای یار تو نرگسی عجب ہے
اس بن میں بن تو کر سب ہی
اول تو نو نجم دو سرا جو
تسرا او جو ابن نام کو

ذوق تیرا ہی تجھے محض خیال   تو جو کچھ کہتا ہی سب ہی محال
روشنی نیں یو تجھے انکار ہی   بسکہ تیرا نفس تجھ سو یار ہی
نفس کے ہی نور کا تجھ پر جھلک   تس ستی تجھ نیں پر تیرے چمک
گر کنو نور بخشیں تو غرور   ذرہ ذرہ نیں تجھایا ہی تو سور
نور اگر یو نفس دکھلاوے تجھے   تب ضلالت میں لجا بھاوے تجھے
جب تلک تجھکو ہی تیرا میں بیا   ہی جدا پڑا تکو سمجھو بھنا
انکھ میں کیال اگر آتا ہی آتر   او سو آتا ہی نظر میں جیوں بہا
میں بچے کی حاجب غفلت نکل   تب حقیقت دسکے آوگی سگل
ہار تا یہ ہستی کا دم منسم   نیستی ہی تو نہیں ہستی سو غم
ایک ذرہ تجھکو ہستی ہووے تو   کافری ہو بت پرستی ہووے تو
گر کیا تو ہستی اپنی آشکار   تک کریگا سر زنش سو روزگار

حکایت تغیر شدن حال شیخ ابوبکر نیشاپوری رحمۃ اللہ

شیخ نیشاپوری بوبکر اکبار   سب مریداں سات لیکر آئے بہار
آپ خر پر اور مریداں پیش و پس   ہاو بسار ہا تسمنے خرتی و لیس
شیخ پر اُس ستی ہوا حال آشکار   بہار ترکرے گر پڑے وش نعرہ مار
سب مریداں ہو رہے آپس میں دنگ   شیخ کی حالت سو لئیں لائے ننگ
ایک پیر لگیا تیسیر سوال   کیا سبب ہوا حضرت یو حال

شیخ تو بولے ای عزیزاں کیا کہوں
نفس کا ہی زور میرے پر اجہوں

جیوں ہوا اس خضر یہ میں یار در رکاب
سات میرے ہو چلے سب شیخ و شاب

خطرہ آیا جب مجھے اس طور کا
جو ہوں میں بھی بایزید اس دور کا

آج اگر ہی اس وضع کی مجھکو شان
نیں عجب جو حشر میں پاؤں امان

پس دیا خضر نے جواب اسکا مگر
یعنے ہی تو فکر تیری گوزِ خر

اس سخن سوں لمنے آتش پڑی
بیخودی کے حال کی مستی چڑی

جب تلگ تجھکو منی ہی اور غرور
تو حقیقت سوں پڑا ہی دور دور

نیں ہے کو چھوڑ مغروری کو جال
راہ کے دنداں سے آپس کو سنبھال

طبع میں تیرے غروری ہے اگر
تو بمو تیرا ہی فرعونِ دگر

جب تلگ باقی ہی تیرے میں منی
آفتاں سوں تیں ہی تجھکو ایمنی

نیں تمکو کہہ میں بتا نیں کچھ بھلا
حکمنے ابلیس الپس کو مت کلا

خطاب حق تعالی باموسی علیہ السلام

حق تعالی نے کہا موسی سنگات
جا کے تو ابلیس سوں کچھ پوچھ بات

پس ملیا ابلیس کتیں موسی کتیں
بعد ازاں ہنس کے اُٹھے موسی ولیں

ان کہا تو یاد رکھ اتنا بچن
کر تمکو ہر گز منی میرے نمن

نیں تو ہونگا تو بھی میرے سار کا
میں پڑے سو رانده اس درگاہ کا

بال بھر گر تجھکو باقی ہی منی
حق میں تیرے ہی اژدر گر سو کھنی

کام مرداں کو ہی تا کامی سے | تا سر انجامی سر انجامی سے
خود نمائی اور خود بینی تجھے | تو سخن ہے دشمن دینی تجھے

حکایت عابدی کہ لنگش را دو میدانست

عابد یک تھا حضرت موسی کے عہد | تھا عبادت میں جتے نسدنس جہد
لیکن اسکو تھا ترا داری سو پیار | نت رکھے لنگوٹی سوداری سنوار
از قضا دیکھا انے موسی کو کیش | دوڑ کر نزدیک آیا انگے ویں
پس لگا کہنے کو ای سالار طور | عرض یک میری خدا سو کر ضرور
جب میں کرتا ہوں عبادت روز و شب | ذوق نیں حاصل مجھے سو کیا سبب
بعد ازاں موسی گئے جیوں طور پر | حال عابد کا کہے رب سو مگر
پس کہا حق نے کہ بولو اسکو جا | ذوق عبادت کا کہاں تو پائیگا
ذوق ہی تجھکو جو داری سے کا نت | جو پھرا تا ہے لنگوٹی سوا پنے ہات
جیوں دئے عابد کوں لیا موسی جواب | تو چھپے داری لگا عابد شتاب
پھر کے بھیجا حق موسی کو خدا | شغل سوداری کے نیں عابد جدا
ای رہیا ہے تو جو داری میں الجھ | نیں اس دریا سوں کا تجھ سمجھ
چھوڑ دے تنگی سو داڑی کا خیال | شوق سو جا دیکھ دریا ے کمال
گر تو اس داری سو ترنے جائیگا | پانچہ کر دریا سو کر کر آئیگا

حکایت عزیز ہندی مردی ریش دراز در آب

ایک احمق جسکو تھی داڑی بڑی	نیر میں قد ہیم لگا او جس گھڑی
دیکھ کر کوئی دور سو بولیا ضرور	پہار ست تو تو بڑا گردن سو دور
پس کہا اُسنے کہ ای پاکیزہ خو	تو بڑا نیں ہی ہی تیری داڑی ہی لو
پس کہا اُس مرد نے ہسکر مگر	گر تو داڑی ہی تو جا اب ڈوب کر
ای جو تجھکو تو شرم داڑی کی نہیں	ذات تیری ایک کاڑی کی نہیں
دل میں جب لگ نفس ہور شیطان ہی	تجھکو او فرعون ہور ہامان ہی
گر تجھے موسیٰ نمن ہی نور تاب	جا پکڑ فرعون کی داڑی شتاب
سک نکو فرعون کا کچھ دل میں دھر	جو نکر داڑی سو داڑی جنگ کر
گر نکو داڑی کی پروا ای عزیز	گر تجھے ہی دین کی فکر و تمیز
دین کی مارگ میں ہی فرزانہ او	جو رکھے تاریش خاطر شانہ او

سوال سائل نوزدهم

پس کیا انیسواں پنچھی سوال	کیوں سفر میں جیو رکھا جاوے خو سنبھال
رہنمائی کر مجھے اسباب کی	تا ہمت ہووے مجھکو تیری سات کی
بول ایسی بات مجھکو بالضرور	جس سے آسان ہووے مجھ پہ راہ دور
دلکو دیوں کس بات سوں جمعیت	تاکہ ہووے تفرقے سوں امنیت

جواب دادن هدهد

پس کہا ہدہد کہ دلکو شاد رکھ	طبع کو وسواس تی آزاد رکھ

کیا سو حق کا یک حصہ تجھے سو شاد ... چھوڑ سب جا و تو کر پھر اسکوں یاد

شادی جا و یدداں استی ہے ... زندگی کا چرخ گرداں استی ہے

تو بھی اس شادی سوں دائم زندہ رہ ... نشہ قسوں جیوں آسماں گم دندہ رہ

